(مذمت افراط و تفریط در مباحات)
گرچہ حق گفت کلوا واشربوا | لیک نہ فرمود کلوا تا گلو

گرچہ خدا گفت ولا تسرفوا | لیک نہ فرمود بخلیہ با وضو

(مذمت اہل کہ مقصد دنیا ہی)
گربہ میر و سگ وزیر و موش را دیواں کنند | ایں چنیں ارکان دولت ملک را ویراں کنند

(مذمت حیلہ و تنقید)
خلق را گیرم کہ بفریبی تمام | در غلط اندازی تا ہر خاص و عام

کار یا او درست باید داشتن — رایت اخلاص و صدق افراشتن

مذمت عیب جوئی

ہر یکے ناصح برائے دیگراں — ناصح خود یافتم کم اندر جہاں

گستاخی در شان انبیاء علیہم السلام

پئے تسکین خاطر صورۃ پیراہن یوسف — محمد کو جو بھیجا حق نے سایہ رکھ لیا قد کا

مذمت خلوت نشینی جاہل

خیالات نادان خلوت نشیں — ہم برزند عاقبت کفر و دیں

حذر از ناز

ناز را روئے بباید ہمچو ورد — چوں نداری گرد بدخوئی مگرد

زبان خلق نقارہ خدا ہے

بجا کہے جسے مخلوق اسے بجا سمجھو — زبان خلق کو نقارہ خدا سمجھو

مذمت غفلت در نماز

شب چو عقد نماز بر بندم — چہ خورد بامداد فرزندم

جرح لسان

جراحات السنان لہا التیام — ولا یلتام ما جرح اللسان

برائے شہرت

خشمہا و چشمہا و رشکہا — بر سرت ریزد چو آب مشکہا

ما تنفعک ان عشت الحق فہو بلغو تک

بہر چہ از دوست وامانی چہ کفر آں حرف و چہ ایماں — بہر چہ از یار وافتی چہ زشت آں نقش چہ زیبا

مذمت محبت غیر

گفت اے ابلہ اگر تو عاشقی [1] — در بیان دعوی خود صادقی

پس چرا بر غیر افگندی نظر — ایں بود دعوائے عشق اے بے ہنر

[2] حب حق ہو دل میں یا حب پسر — جمع ان دونوں کو تو ہرگز نہ کر

مذمت نفس

نفس کشتی باز رستی زاعتذار — کس ترا دشمن نماند در دیار

مذمت دنیا

از وے ایں دنیائے دوں پست تنگ — از پئے او با حق و با خلق جنگ

بگاڑا دین کو اپنے کہیں دنیا ہی بنجائے — نہ کچھ دیں ہی رہا باقی نہ دنیا کی مزے پائے

بڑی دولت ملے اسکو جو ہو اللہ کا عاشق — امید اجر عقبیٰ پہ یہ دنیا اس سے چھٹ جائے

[1] یہ گفتگو لیلےٰ نے ایک مدعی عشق سے کی تھی جس نے کہ اس کے بہن پر نظر کی تھی۔ حالانکہ دعوی لیلیٰ کے ساتھ عشق کا تھا۔ [2] یہ گفتگو اللہ تعالیٰ نے ابراہیم ادہم سے کی تھی جبکہ انہوں نے اپنے لڑکے کو بہت پیار کیا تھا۔ ۱۲

عزیزیکہ از درگہش سر بتافت | بہر در کہ شد ہیچ عزت نیافت
مذمت تعلق غیر

بہ بے رغبتی شہوت انگیختن | بہ رغبت بود خون خود ریختن
مذمت کثرت صحبت

احفظ منیک ان یصبّ فانہ | ماء الحیواۃ یصبّ فی الارحام

والنفس کالطفل ان تہملہ شب علی | حب الرضاع وان تفطمہ ینفطم
خاصیت نفس

اذا کان الغراب دلیل قوم | سیہدیہم طریق الہالکینا
مذمت اقتدائے جاہل

گر ہمیں مکتب و ہمیں ملاں | کار طفلاں تمام خواہد شد

ع حیف باشد دل ناداں کہ مشوش باشد
حذر از تشویش

ہمیں آں بے حمیت را کہ ہرگز | نخواہد دید روئے نیک بختی
اہل و عیال کے ساتھ بے حمیتی کی مذمت

تن آسانی گزیند خویشتن را | زن و فرزند بگذارد بسختی

خواہی کہ ز ہیچ کس گزندے نرسد | بدگو و بدآموز و بداندیش مباش
بدگوئی و بدآموزی و بداندیشی

خشمہا و چشمہا و رشکہا | بر سرت ریزد چو آب از مشکہا
جاہ کی خرابی

ابھی اس آنکھ کو ڈالے کوئی پتھر سے پیس | نظر آتا ہے جسے دیدۂ یعقوب کھل
بے ادبی پر طعنہ

توبہ ہو یوں ہو کہیں بہت تھی مستعمل | کوئی تشبیہ نہ تھی اور نصیب اجہل

بر آسماں چہارم مسیح بیمار است | تبسم تو برائے علاج در کار است

موسیٰ ز ہوش رفت بیک جلوۂ صفات | تو عین ذات می نگری در تبسمی

اکنوں کرا دماغ کہ پرسد ز باغباں | بلبل چہ گفت و گل چہ شنید و صبا چہ کرد
جواب شعر بالا

اشتہار خلق بند محکم است | بند ایں از بند آہن کی کم است
مذمت جاہ

گر جاں طلبی مضائقہ نیست | ور زر طلبی سخن دریں است
مذمت حب مال

آں روز کہ مہ شدی نمی دانستی | کانگشت نمائے عالمی خواہی شد
مذمت حب جاہ

خویش را رنجور ساز و زار زار | تا ترا بیروں کنند از اشتہار — علاج ضرر شہرت

تن قفس شکل است زاں شد خار جاں | از فریب داخلان و خارجاں

مذمت جاہ

اینش گوید نے منم ہمراز تو | آنش گوید نے منم انباز تو

چوں ببیند خلق را سرمست خویش | از تکبر می رود از دست خویش

دیوانگی میں ہزار عقلیں قربان

او گل سرخ است تو خوش مخوانش | مست عقل است او تو مجنونش مخواں

بد گہر کو تعلیم کا نتیجہ

چوں قلم در دست غدارے فتاد | لاجرم منصور بر دارے فتاد

تسلیم مخالفت نفس

چوں شتر مرغ شناس ایں نفس را | نے کشد بار و نہ پرد بر ہوا

گر بپر گویش گوید اشترم | ور نہی بارش بگوید طائرم

مال و جاہ کی عدم مطلوبیت

آفریں تجھ پہ ہمت کوتاہ | طالب جاہ ہوں نہ طالب مال

مال اتنا کہ جس سے ہو خور و نوش | جاہ اتنی کہ ہو نہ پامال

تسلی در قبض

تحمل مصائب خداوندی

آنجا کہ بجائے تست ہر دم کرمے | عذرش بنہ ار کند بعمرے ستمے

ع۔ ہر چہ از دوست می رسد نیکوست — مراقبہ برائے علاج مصیبت و پریشانی

عَسٰی اَنْ تَکْرَهُوْا شَيْئًا وَّهُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ وَعَسٰى اَنْ تُحِبُّوْا شَيْئًا وَّهُوَ شَرٌّ لَّكُمْ

ع۔ ایں بلائے دوست تطہیر شماست

چونکہ قبض آید تو در وے بسط بیں | تازہ باش و چیں میفگن بر جبیں

چونکہ قبضے آیدت در راہ رو | آں صلاح تست آیس دل مشو

وسعت رحمت و شفقت الٰہی کا بیان

رحمت حق بہا نمی جوید ۱؎ | رحمت حق بہانہ می جوید

مومن کی مصیبت بھی علامت عنایت الٰہی کی ہے

طفل می لرزد ز نیش احتجام | مادر مشفق ازاں غم شاد کام

تعلیم صبر و تحمل

باغباں گر پنج روزے صحبت گل بایدش | بر جفائے خار ہجراں صبر بلبل بایدش

اے دل اندر بند زلفش از پریشانی منال | مرغ زیرک چوں بدام افتد تحمل بایدش

یوسف گم گشتہ باز آید بکنعاں غم مخور | کلبۂ احزاں شود روزے گلستاں غم مخور

رنج تنفس کی امید دلانا

اگرچہ دور افتادم بایں امید خرسندم | کہ شاید دوش من بار دگر جاناں من گیرد

مصلحت غیبت

از دست ہجر یار شکایت نمی کنم | گر نیست غیبتے نہ دہد لذت حضور

لطف معشوق

ناخوش تو خوش بود بر جان من | دل فدائے یار دل رنجان من

رنج تنفس

بس زبون وسوسہ باشی دلا | گر طرب را باز دانی از بلا

گر مرادت را مذاق شکر است | بے مرادی نے مراد دلبر است

ارید وصالہ ویرید ہجری | فاترک ما ارید لما یرید

میل من سوئے وصال و قصد او سوئے فراق | ترک کام خود گرفتم تا برآید کام دوست

رغبت علم و تقویٰ

اثر تقویٰ

ہر کہ ترسد از حق و تقویٰ گزید | ترسد از وے جن و انس و ہر کہ دید

محل تعلیم

بد گہر را علم و فن آموختن | دادن تیغ است دست راہزن

خوبی دین و شریعت

بہار عالم حسنش دل و جاں تازہ می دارد | برنگ اصحاب صورت را ببو ارباب معنی را

۱؎ اس میں اشارہ ہے وسعت رحمت و شفقت الٰہی کی طرف کہ معمولی ناگوار چیزوں پر بھی مومن کو اجر کثیر عنایت فرماتے ہیں۔ ۱۲

تعلیم دین عام ہونا چاہئے انتخاب کرنا ٹھیک نہیں

گر او می برد پیش آتش سجود | تو واپس چرا می کشی دست جود

خورش دہ بکنجشک و کبک و حمام | کہ شاید ہمائے در افتد بدام

چو ہر گوشہ تیر نیاز افگنی | بناگاہ بینی کہ صیدے کنی

حسن و جمال شریعت

ز فرق تا بقدم ہر کجا کہ می نگرم | کرشمہ دامن دل می کشد کہ جا اینجا است

شریعت پر اعتراض کرنا اپنے اوپر اعتراض کرنا ہے

حملہ بر خود میکنی اے سادہ مرد | ہمچو آں شیرے کہ بر خود حملہ کرد

دین سے عام بے رغبتی کی شکایت

یک تن و خیل آرزو دل بچہ مدعا دہم | تن ہمہ داغ داغ شد پنبہ کجا کجا نہم

علماء کا کام صرف دین کا کام بتلانے کا ہے

نہ شبم نہ شب پرستم کہ حدیث خواب گویم | چو غلام آفتابم ہمہ از آفتاب گویم

ما ہر چہ خواندہ ایم فراموش کردہ ایم (دنیا) | الا حدیث یار کہ تکرار می کنیم (دین)

مولوی طماع کی مذمت

زیاں می کند مرد تفسیر داں | کہ علم و ادب می فروشد بناں

فضیلت علم و عدم اعتداد حسب و نسب و مال

الناس من جهة التمثال اكفاء | ابوهم آدم والام حواء

ما الفخر الا لاهل العلم انهم | على الهدى لمن استهدى ادلاء

رضينا قسمة الجبار فينا | لنا علم وللاعداء مال

فان المال يفنى عنقريب | وان العلم باق لا يزال

مذمت علم بلا عمل

فان كنت لا تدرى فتلك مصيبة

وان كنت تدرى فالمصيبة اعظم

تقوے کو تحصیل علم میں بڑا دخل ہے

شکوت الی وکیع[ع] سوء حفظی ۔۔۔ فاوصانی الی ترک المعاصی

فان العلم فضل من الله ۔۔۔ وفضل الله لا یعطی لعاصی

علم کی یہی زینت ہے کہ اہل علم کے وضع پر رہے

یا مکن با پیلباناں دوستی ۔۔۔ یا بنا کن خانہ بر انداز پیل

یا مکش بر چہرہ نیل عاشقی ۔۔۔ یا فروشو جامۂ تقویٰ بہ نیل

علم وہ ہے جس سے اصلاح قلب کی ہو

علم چوں برتن زنی مارے بود ۔۔۔ علم چوں بردل زنی یارے بود

مذمت جہل

سر انجام جاہل جہنم بود ۔۔۔ کہ جاہل نکو عاقبت کم بود

شریعت و طریقت دونوں کا پاس رکھنا

بر کفے جام شریعت بر کفے سندان عشق ۔۔۔ ہر ہوسناکے نداند جام و سنداں باختن

شریعت کا بالکل کافی ہونا

یک سبد پر ناں ترا بر فرق سر ۔۔۔ تو ہمی جوئی لب ناں در بدر

حلم حق و ترغیب بلازمت تقویٰ

خدائے راست بزرگوارے و حلم ۔۔۔ کہ جرم بیند و ناں برقرار میدارد

حلم حق با تو مواساہا کند ۔۔۔ چونکہ از حد بگذری رسوا کند

نری تمنا سے علم حاصل نہیں ہوتا

لوکان ھذا العلم یدرک بالمنیٰ ۔۔۔ ماکان یبقیٰ فی البریۃ جاہل

ترک کسل در تحصیل علم و تقوے

فاجھد ولا تکسل ولا تک غافلا ۔۔۔ فندامۃ العقبیٰ لمن یتکاسل

بلا ضرورت سفر خلاف تقویٰ ہے

اے قوم بحج رفتہ کجائید کجائید ۔۔۔ معشوق دریں جاست بیائید بیائید

[ع] وکیع استاد تھے امام شافعی رح کے ۔

تقویٰ کو مراد کے پورا ہونے میں دخل ہے

تو چنیں خواہد خدا خواہد چنیں | می دہد یزداں مراد متقین

شہوت ہی تو محل تقوےٰ ہے

شہوت دنیا مثال گلخن است | کہ از و حمام تقویٰ روشن است

تقوے کی تعریف

چیست تقویٰ ترک شبہات و حرام | از لباس و از شراب و از طعام

ہر چہ افزون است اگر باشد حلال | نزد اصحاب ورع باشد وبال

مراقبہ عند الموت

کل ہوس اسطرح سے ترغیب دیتی تھی مجھے | خوب ملک روس ہے اور کیا سرزمین طوس ہے

گر میسر ہو تو کیا عشرت سے کیجئے زندگی | اسطرف آواز طبل ادھر صدائے کوس ہے

صبح سے تا شام چلتا ہے مئے گلگوں کا دور | شب ہوئی تو ماہرویوں سے کنار و بوس ہے

سنتے ہی عبرت یہ بولی اک تماشا میں تجھے | چل دکھاؤں تو تو قید آز کا محبوس ہے

لیگئی یکبارگی گور غریباں کی طرف | جس جگہ جان تمنا سو طرح مایوس ہے

مرقدیں دو تین دکھلا کر لگی کہنے مجھے | یہ سکندر ہے یہ دارا ہے یہ کیکاؤس ہے

پوچھ تو ان سے جاہ و حشمت دنیا سے آج | کچھ بھی ان کیساتھ غیر از حسرت افسوس ہے

عشاق کے نزدیک موت عجیب دولت ہے

خرم آنروز کزیں منزل ویراں بروم | راحت جاں طلبم وز پئے جاناں بروم

وقت آں آمد کہ من عریاں شوم | جسم بگذارم سراسر جاں شوم

مرنے جو موت کے عاشق کبھو بیان کرتے | مسیح و خضر بھی مرنیکی آرزو کرتے

تیاری موت

منفعل آنکس که رفت و کار نساخت | کوس رحلت زدند و بار نساخت
مرا در منزل جاناں چه امن عیش چوں هر دم | جرس فریاد میدارد که بربندید محملها

مراقبہ عشقیہ تفویضیہ توحیدیہ قدمیہ

عاشقان جام فرح آنگه کشند | که بدست خویش خوباں شاں کشند
همچو اسمعیل پیشش سر بنه | شاد و خنداں پیش تیغش جاں بده
تا بماند جانت خنداں تا ابد | همچو جان پاک احمد با احد
آں کسے راکش چنیں شاهی کشد | سوئے تخت و بهتریں جائے کشد
نیم جاں بستاند و صد جاں دهد | آنچه در وهمت نیاید آں دهد
خود که یابد ایں چنیں بازار را | که بیک گل میخری گلزار را
گر ندیدی سود او در قهر او | کے شدی آں لطف مطلق قهر جو
طفل می لرزد ز نیش احتجام | مادر مشفق دراں غم شادکام
زاں بلاها کانبیا برداشتند | سر به چرخ هفتمی افراشتند

ع آنکه جاں بخشد اگر بکشد رواست

تو بیک زخمے گریزانی ز عشق | تو بجز نامے چه میدانی ز عشق
ور بهر زخمے تو پر کینه شوی | پس کجا بے صیقل چو آئینه شوی
چیست تعظیم خدا افراشتن | خویشتن را خاک و خارے داشتن
چیست توحید خدا آموختن | خویشتن را پیش واحد سوختن
گر همی خواهی که بفروزی چو روز | هستی همچوں شب خود را بسوز

تعلیم انقیاد و اعتماد

گر ایستم متہم بود ایں   گر بگویم آسمان را من زمین
گر کمالم با کمال انکار چیست   ورنہ ہم ایں زحمت آزار چیست
من نخواہم شد ازیں خلوت برون   زانکہ مشغولم باحوال درون

وحدت مطلب

میں ہوں اور حشر تک اس در کی جبیں سائی ہو   سر زاہد نہیں یہ سر ہے سودائی ہے

بیان برکات خلوت

خانۂ دل میں عجب انجمن آرائی ہے   رشکِ بزم دو عالم مری تنہائی ہے
رات دن میں ہوں تری یاد ہے تنہائی ہو   کام ہی کچھ ہے نہ فرصت ہی کبھی پائی ہو

عالم کثرت جلوہ گاہ وحدت ہے

جلوہ گر عالم کثرت میں ہے وحدت ہر سو   آئینہ خانہ میں تو محو خود آرائی ہے

تنفیر از لذائذ دنیویہ

رنگ رلیوں پہ زمانہ کے نہ جانا اے دل   یہ خزاں ہے جو بانداز بہار آئی ہے

مذمت خود بینی

ناز تقوے سے تو پھر اچھا ہے نیاز رندی   جاہ زاہد سے پھر اچھی مری رسوائی ہو

بیان درد عشق

درد یہ اور کو ملتا تو وہ مر ہی جاتا   کر کے نالہ بھی مجھے ناز شکیبائی ہو

ذلت موجب عزت ہے

ساری دنیا کی نگاہوں سے گرا ہی مجذوب   تب کہیں جا کے ترے دل میں جگہ پائی ہو

تعلیم فنائے رائے

اب بھی مجذوب جو محروم پذیرائی ہے   کیا جنوں میں ابھی آمیزش دانائی ہے

نگہداشت نفس

نفس کا مار سخت جان دیکھ ابھی مرا نہیں　　غافل ادھر ہوا نہیں اسنے اُدھر ڈسا نہیں

نظر مرشد

کٹ وہیں گرا نہیں جسکو ذرا لگا نہیں　　تیری نظر کا تیر بھی جس پہ پڑا بچا نہیں

تنفیر از عشق مجازی

دیکھ نہ قلب مبتلا حسن رنگ پہ گلرخوں کے جا　　پھول ہیں سب کاغذی بوئے وفا ذرا نہیں

دشواری راہ عشق

سوچ سمجھ کے چل ذرا سہل نہیں ہے راہ عشق　　دیکھ سنبھل کے رکھ قدم چوکا کہ بس گرا نہیں

انقطاع عما سوی اللہ

دل ہو وہ جسمیں کچھ نہو جلوۂ یار کے سوا　　میری نظر میں خاک بھی جام جہاں نما نہیں

سیر الی اللہ کے بعد سیر فی اللہ

کشتئ دل پہ پا کہاں۔ آگئی ناخدا کہاں　　ہٹئے تو ابتدا نہیں بڑھئے تو انتہا نہیں

تعلیم نیاز عند الشیخ

تھی کمی جو نیاز میں روٹھ گیا ہی ناز میں　　دلبر و دل نواز میں جز کرم و وفا نہیں

بیان قبض و بسط

آگئے پہلو میں راحت ہوگئی　　چلدئے اٹھکر قیامت ہوگئی

بیان شوق دیدار

ہر تمنا دل سے رخصت ہوگئی　　اب تو آجا اب تو خلوت ہوگئی

بیان قبض

یاس ہی اب دلکی فطرت ہوگئی　　آرزو جبکی وہ حسرت ہوگئی

بیان عشق

دل میں داغوں کی یہ کثرت ہوگئی　　رونما اک شانِ وحدت ہوگئی

تسلیم و تفویض

قید کر صیاد یا اب ذبح کر　　جانِ بلبل گل کی نکہت ہوگئی

تسلیم و تفویض

لاکھ جھگڑے کو اب کہاں پھنستا ہے دل   ہوگئی اب تو محبت ہوگئی

آثارِ عشق

عشق میں ذلت بھی عزت ہوگئی   لی فقیری بادشاہت ہوگئی

شکر تفویض

خاک میں کس نے ملایا یہ تو دیکھ   شکر کر مٹی سوارت ہوگئی

انقطاع عن الخلق الی الخالق

اب تو میں ہوں اور شغلِ یادِ دوست   سارے جھگڑوں سے فراغت ہوگئی

آثارِ عشقِ خام

کر چکے رندی بس آئے مجذوب تم   ایک چلو میں یہ حالت ہوگئی

بیان تمنائے نورِ محبت و معرفت

ہو نور سے پُر ساقی ہستی کا سیہ خانہ   کر دیدہ و دل روشن لا شیشہ و پیمانہ

دیکھا نہ زمانہ میں مجذوب سا مستانہ   فرزانہ کا فرزانہ دیوانہ کا دیوانہ

ہے آمد و رفت[1] اپنی اس بزم میں روزانہ   اک در درِ توبہ ہے اک در درِ میخانہ

طلب مزید

جی میں ہے چڑھا جاؤں میخانہ کا میخانہ   ہاں ساقیِ دریا دل پیمانہ کا پیمانہ

اثر نسبت

ساقی نے بدل ڈالی دنیا مری ہستی کی   آنکھیں ہیں کہ میخانہ دل ہے کہ پری خانہ

بیان نور محبت

اتنی تو پلا ساقی اب اس سے بھی کیا کم ہو   لبریز تو ہو جائے یہ عمر کا پیمانہ

تمنائے جذب

[2] پہونچی ہے طلب میری تدبیر کی سرحد پر   لے اب تو خدا حافظ اے ہمتِ مردانہ

---

[1] مطلب یہ ہے کہ توبہ کرتا ہوں پھر توبہ اضطرار اً ٹوٹ جاتی ہے پھر سر نو توبہ کرتا ہوں۔ یہی کیفیت روزانہ رہتی ہے۔ مگر بے تعلقی خدا تعالیٰ سے پیدا نہیں ہوتی +

[2] اس میں سلوک کے اس حالت کا بیان ہے جہاں تدابیر سے کام نہیں چلتا بلکہ جذب کی ضرورت ہوتی ہے +

تنفیر از دنیا

کیا کہوں دنیا میں میں کیونکر رہا　　عمر میں جینا مجھے دوبھر رہا

استحضار حق در مصائب

گو بلا سے میں تہ خنجر رہا　　سامنے اُس کا رخِ انور رہا

اظہار حق

قول جو حق تھا وہی لب پر رہا　　حلق میرا گو تہ خنجر رہا

قوت فیضان مرشد

گو وہ گل پیشِ نظر دم بھر رہا　　دل میں برسوں اک عجب منظر رہا

تعلیم زہد

میں رہا تو باغِ دنیا میں مگر　　بے نوا بے آشیاں بے پر رہا

مراقبۂ موت

سب چمن والوں نے تو لوٹی بہار　　اور مجھے صیاد ہی کا ڈر رہا

فوائد گریہ

تھم رہے آنسو رہی دل میں جلن　　نم رہیں آنکھیں کلیجہ تر رہا

یکسوئی از تعلقات ماسوی اللہ

سینکڑوں فکریں ہیں تم کو عاقلو　　تم سے تو مجذوب ہی بہتر رہا

تلقین مرشد

جی اُٹھے مردے تری آواز سے　　پھر ذرا مطرب اسی انداز سے

قوالی وغیرہ کو معرفت حقیقی میں کوئی دخل نہیں

کام مطرب سے نہ ہم کو ساز سے　　آشنا ہیں طور کی آواز سے

حظوظ دنیویہ سالک کے لئے نشاط انگیز نہیں بلکہ موجب انقباض ہے

نغمہ پیدا ہے کہ نغمہ ساز سے　　ہوک سی اٹھتی ہے اس آواز سے

بیان قوت استعداد

انتہا پر ہے نظر آغاز سے　　ہو مخاطب طور کی آواز سے

عاشق کو اپنے کام سے کام

آشنا بیٹھا ہو یا نا آشنا — ہم کو مطلب اپنے سوز و ساز سے

نزدیکاں را بیش بود حیرانی

آشنا اچھا ہے یا نا آشنا — اس کو پوچھو آشنائے راز سے

استقلال

جسے کہ چھوڑ دیں وہ چیز کوئے یار نہیں — اگرچہ کچھ ہمیں حاصل بجز غبار نہیں

عدم التفات الی الدنیا

زہے نصیب کہ میری نظر بہ فیض عشق — فریب خوردہ رنگینی بہار نہیں

شوق عشق

زمانے بھر میں تو شہرہ ہے میری رندی کا — میں حسب شوق مگر کبھی بادہ خوار نہیں

انوار مدرکہ سب غیر ہیں

یہ اپنی حد نگاہ ہے کسی کی دید کہاں — یہ عکس حسن نظر ہے جمال یار نہیں

عقل حالات جذب کی مدرک نہیں ہو سکتی

جو اہل عقل ہیں کیا تجھ کو پائینگے مجذوب — وہ راز داں ہی سہی لیکن وہ راز داں نہیں

تسلیم رضا

کچھ نہ پوچھو کیا ہوا کیونکر ہوا — جو ہوا جیسا ہوا بہتر ہوا

کیا بھلا ہو مری مرضی کے خلاف — وہ جو حسب مرضی دلبر ہوا

انجذاب عن الحق

ہو گئے جب راستے مسدود سب — جذب خود مجذوب کا رہبر ہوا

تعلیم استغنا

کسی کی یاد میں بیٹھے جو سب سے بے غرض ہو کر — تو اپنا بوریا بھی پھر ہمیں تخت سلیماں تھا

آثار معرفت

ہوئی جب چشم غفلت آشنائے جلوہ وحدت — تو پھر یہ عالم کثرت بس اک خواب پریشاں تھا

تعلیم ندامت

ہنسے بھی تو ہم مثلِ برق و ہنسنا ہنسے بیدل	کہ جس ہنسنے میں دنیا بھر کا رونا ہائے پنہاں تھا

معاملۂ آخرت

جو رُخ بدلا ہے ساقی نے دگرگوں رنگ محفل ہے	وہ خنداں ہے جو گریاں تھا وہ گریاں ہے جو خنداں تھا

الدنیا سجن المومن

عجب کیا گر مجھے عالم باین وسعت بھی زنداں ہے	میں وحشی بھی تو وہ ہوں لامکاں جسکا بیاباں تھا

قبض

نہ میں دنیا کے لائق تھا نہ میں عقبیٰ کے قابل تھا	مجھے جینا بھی دشوار اور مرنا بھی مشکل تھا

الوان عشق

ہر اک عاشق نئے انداز سے قربان قاتل تھا	قتیلِ تیغ بے سر تھا شہیدِ ناز بیدل تھا

ہستی حق ماورائے ادراک ہے

خدا مجذوب کو رکھے سلامت اسنے چونکایا	جسے منزل سمجھ رکھا تھا وہ اک خواب منزل تھا

قبض

گم گشتۂ حیرت کوئی مجھسا بھی نہیں ہے	میں خود ہوں کہیں دل ہے کہیں ہوش کہیں ہے

بیکس کا دو عالم میں ٹھکانا بھی نہیں ہے	برگشتہ فلک مجھسے ہے بیزار زمیں ہے

کشش اولیاء اللہ

اب میری زیارت کو چلی آتی ہے دنیا	آئینہ کسی کا یہ مرا داغ جبیں ہے

بیان نقص فہم اہل دنیا

جو وہم و گماں ہے اسے رتبہ ہے یقیں کا	مورد ہے گماں کا جو سزاوار یقیں ہے

جلوۂ الٰہی کا انکشاف

ہر وقت ہے پیشِ نظر اک حسن کی دنیا	اب تو ہے جو آنکھوں میں تو ہر چیز حسیں ہے

تقدیر کے سامنے تدبیر نہیں چلتی

چلتی نہیں کچھ پیش مقدر کے مقابل	انسان سراپا حوصلہ مجبور یہیں ہے

بیانِ عشق و شوق بیادِ مرشد

نہیں جانا ہوا ہے جانبِ میخانہ برسوں سے | بھرا ہے دل میں شوقِ نعرۂ مستانہ برسوں سے

بغرض اصلاح حالتِ رقّت

کبھی کعبہ بنا دل اور یہی بتخانہ برسوں سے | ترستا ہوں تجھی اے جلوۂ جانانہ برسوں سے

ہے برگشتہ کسی کی نرگسِ مستانہ برسوں سے | لیے پھرتا ہوں میں اپنا تہی پیمانہ برسوں سے

صراحی در بغل ساغر بکف مستانہ وار آجا | لگائے آسرا بیٹھا ہے اک مستانہ برسوں سے

ثمرات قبض

بجز عجز و نیاز و بندگی میں اور کیا جانوں | کہ دل ہے زیرِ مشقِ نازِ معشوقانہ برسوں سے

جذب آخر تدبیر سلوک ہے

ترا مجذوب جذبِ حسن ہی سے کام نکلے گا | عبث ہے تو مریدِ ہمتِ مردانہ برسوں سے

تمنائے کیفیات روحانیہ و قطع کیفیات نفسانیہ

بس اب ملنے لگے مجذوب کو بھی بادۂ صافی | کہ اے ساقی یہ ہے دُردی کشِ میخانہ برسوں سے

انقطاع عن الخلق الی الخالق

بیکسی ہی سے حصولِ مدعا ہونیکو ہے | کوئی مت پوچھو مجھے میرا خدا ہونیکو ہے

دشمنیِ خلق میری رہنما ہونے کو ہے | اب میرا دستِ طلب دستِ دعا ہونیکو ہے

ازدیاد شوق

دلربا پہلو سے اٹھکر اب جدا ہونیکو ہے | کیا غضب ہے کیا قیامت ہے یہ کیا ہونیکو ہے

آج تو جی بھر کے پی لینے دے اے ساقی مجھے | جان ہی جاتی رہیگی اور کیا ہونیکو ہے

تعلیم تفویض

اے دلِ پُر آرزو کر دے سرِ تسلیم خم | دیکھ کن ہاتھوں سے خونِ مدعا ہونیکو ہے

قبض کے بعد بسط ہے

ابرِ رحمت ہے سراسر یہ بلاؤں کا ہجوم | صبر کر اے دل بس اب فضلِ خدا ہونیکو ہے

تعلیم ضبط و صبر

ہاں بلا سے جان ہی نکلے مگر نکلے نہ آہ | ہوشیار اے دل کہ وہ صبر آزما ہونیکو ہے

بیان حجابات نورانیہ

نور دیکھا اسکا ہر سو پھر بھی وہ مستور ہے　　جلوہ تو کیا ہوگا اسکا جس کا پردہ نور ہے

ثمرات پر نظر نہ چاہیئے

بس چلا چل قطع راہ عشق اگر منظور ہے　　یہ نہ دیکھ اے ہمسفر نزدیک ہے یا دور ہے

ضبط در قبض

اُف بھی کر سکتے نہیں نالوں کا کیا مذکور ہے　　جتنے ہم مجبور ہیں بلبل کہاں مجبور ہے

القائے نسبت

حسرت دیدار میں کچھ اس غضب کی آہ کی　　دل پہ گر پڑ نیکو مضطر آج برق طور ہے

چند روزے جہد کن باقی بخند

مشکلیں عاشق کو ہیں بس قبل از دیوانگی　　کچھ دنوں غم سہہ لیا پھر عمر بھر مسرور ہے

ترغیب بیداری شب

سب پڑے سوتے ہیں اور اپنی ہے دنیا ہی الگ　　اک ہجوم شوق ہے ہم ہیں شب دیجور ہے

ناکامیاں سفر کامیابی ہیں

بس اب کیا غم یہ سن لی ہے بشارت پیر کامل کی　　سفر کامیابی ہیں یہی ناکامیاں دل کی

تعلیم دوام عمل

ہمیں تو رات دن اے ہمسفر چلنے سے مطلب ہے　　سفر محدود ہو جنکا انہیں ہو فکر منزل کی

قلب اصل میں معرفت الٰہی کیلئے ہے

کس کام کا وہ دل ہے کہ جس دل میں تم نہ ہو　　بس نام کا وہ گل ہے کہ جس گل میں بو نہ ہو

خلوت کی حقیقت

حجروں میں لاکھ بیٹھئے خلوت مگر کہاں　　جب تک کہ جان و دل میں بسا تو ہی تو نہ ہو

بیان شوق دیدار الٰہی

تمنا ہے کہ اب کوئی جگہ ایسی کہیں ہوتی　　اکیلے بیٹھے ہوتے یاد ان کی دل نشیں ہوتی

جو ان کو دیکھ لیتے ہم تو پھر کیا زندہ رہ جاتے　　نگاہ اولیں اے دل نگاہ واپسیں ہوتی

نہیں کرتے ہیں وعدہ دید کا وہ حشر سے پہلے — دلِ بیتاب کی ضد ہے ابھی ہوتی یہیں ہوتی

دکھاتے پھر تماشا تم کو ہم اپنے تڑپنے کا — جو عالم بے فلک ہوتا جو دنیا بے زمیں ہوتی

ستاروں کو یہ حسرت ہے کہ بنتے وہ مرے آنسو — تمنا کہکشاں کو ہے کہ میری آستیں ہوتی

وہاں بستے جہاں دود فغاں کا آسماں ہوتا — وہاں رہتے جہاں خاکسترِ دل کی زمیں ہوتی

برکت خلوت

جو میخانہ میں ہے ام الخبائث حضرتِ واعظ — پہنچ جاتی جو حجرہ میں شراب الصالحین ہوتی

بہار کے لئے ہم ہیں کہ ہم ہیں اہل خزاں — ہمنشیں اہل بہار آپ ہیں خزاں کیلئے

نا چیز ہیں پھر بھی بڑی چیز مگر ہم — دیتے ہیں کسی ہستی مطلق کی خبر ہم

خدر از دنیا

زہر دارد در درون دنیا چو مار — گرچہ بینی ظاہرش نقش و نگار

زال دنیا چوں عروس آراستہ است — در وے روزے شوئے دیگر خواستہ است

مقبل آں مرد کیہ شد زیں جفت طاق — پشت بر وئے کرد وادش سہ طلاق

لب بہ پیش شوئے خنداں می کند — پس ہلاک از زخم دنداں می کند

عمر دنیا چند روزے بیش نیست — غافل است آنکس کہ پیش اندیش نیست

یا دلِ فارغ چو باشی تندرست — دیگر از دنیا نباید ہیچ جست

ایکہ در خوابی ہمہ شب تا بہ روز — بہر گور خود چراغے بر فروز

خواب و خور جز پیشۂ انعام نیست — خفتگاں را بہرہ از انعام نیست

چوپایہ ۱۲

جائے گریہ است ایں جہاں در وے مخند — چشم عبرت بر کشا و لب بہ بند

ترک مال و جاہ

اے برادر ترک عز و جاہ کن ‏ خویش را شائستۂ درگاہ کن
عز و جاہت سر بہ پستی میکشد ‏ مر ترا بر تن پرستی می کشد
خوار گردد ہر کہ باشد جاہ جوئے ‏ اے برادر قرب آں درگاہ جوئے
ہر کہ را ذوق نکونامی بود ‏ خاص مشمارش کہ او عامی بود
لاشۂ داری سبک کن بار خویش ‏ ورنہ در رہ سخت بینی کار خویش
چیست ہا رت جیفۂ دنیائے دون ‏ کز پئے آں گشتۂ خوار و زبوں
مال دنیا خاکساران را دہند ‏ آخرت پرہیزگاراں را دہند
مال و زر بے بدست آورده گیر ‏ بعد ازاں در گور حسرت بردہ گیر

ترغیب فقر و زہد

اکتفا بر روزی یک روزہ کن ‏ گر نداری از خدا دریوزہ کن
تا یکے چوں مور باشی دانہ کش ‏ گر تو مردی فاقہ را مردانہ کش
تا توانگر باشی اندر روزگار ‏ نفس را از آرزوہا دور دار
فقر و درویشی شفائے مومن است ‏ زانکہ اندر وے صفائے مومن است
حاصل از دنیا چہ باشد اے امین ‏ نہ گزے کرباس وسہ گز از زمین
گرچہ باشد بے نوا در زیر دلق ‏ خویش را منعم نماید پیش خلق
ترک دنیا کن برائے آخرت ‏ وز بدن برکش لباس فاخرت
از خدا نبود دراجستن غنا ‏ ہست مومن را غنا رنج و عنا

فوائد صحبت

از حضور صالحاں صالح شوی ‏ ور نشینی با بداں طالح شوی
ہر کہ او با صالحاں ہمدم شود ‏ در حریم خاص حق محرم شود

مرد گانند اغنیائے روزگار ‌‌ ‌ اے پسر با مردگان صحبت مدار

ترغیب آخرت و مجاہدہ نفس

اے پسر با یاد حق مشغول باش ‌ ‌ وز خلائق دور ہمچوں غول باش

وقت طاعت تیز رو چوں باد باش ‌ ‌ وز ہمہ کار جہاں آزاد باش

ہر چہ دادی در رہ حق آں تست ‌ ‌ آنچہ ماند از تو بلائے جان تست

تا توانی حاجت بیکس بر آر ‌ ‌ تا بر آرد حاجتت را کردگار

عارف از دنیا و عقبیٰ فارغ است ‌ ‌ زانچہ باشد غیر مولیٰ فارغ است

ہمت عارف لقائے حق بود ‌ ‌ زانکہ در حق فانیِ مطلق بود

بر خلاف نفس کن کار اے پسر ‌ ‌ تا نیفتی زار در نارِ سقر

نفس نتواں کشت الا باسہ چیز ‌ ‌ چوں بگویم یاد گیرش اے عزیز

خنجر خاموشی و شمشیر جوع ‌ ‌ نیزۂ تنہائی و ترک ہجوع

مدح خاموشی

بہ طبعم ہیچ مضمون بہ زلب بستن نمی آید ‌ ‌ خموشی معنئے دارد کہ در گفتن نمی آید

سینہ ہا را خامشی گنجینۂ گوہر کند ‌ ‌ یاد دار ید از صدف این نکتۂ سر بستہ را

مذمت کج خلقی

اے پسر کم گوئے با مردم درشت ‌ ‌ ور بگوئی از تو گردانند پشت

علاج عجب

تکیہ کم کن خواجہ بر کردار خویش ‌ ‌ دل بنہ بر رحمت جبار خویش

توکل

از خدا خواہ آنچہ خواہی اے پسر ‌ ‌ نیست در دست خلائق خیر و شر

توکل

در بلا یاری مخواہ از ہیچ کس ‌ ‌ زانکہ نبود جز خدا فریاد رس

رعب اہل اللہ

آنکہ از قہر خدا ترسد بسے ــ بے گماں ترسند از وے ہر کسے

حذر از غیبت و بد گوئی

تا توانی ہیچ کس را بد مگوئے ــ پیش مردم عیب کس ہرگز مجوئے

گر کنی خیرے تو آں از خود مبیں ــ ہر چہ بینی نیک بیں و بد مبین

اکرام ضیف

اے برادر میہماں را نیک دار ــ ہست مہماں از عطائے کردگار

از تکلف دور باش اے میزبان ــ تا گرانی نبود ت از میہماں

رضا بالقضا و حذر از تکبر

در قضائے آسمانی دم مزن ــ ہر کسے را پیش بین و کم مزن

مدح سخاوت

اسخیا را با جہنم کار نیست ــ جائے ممسک جز درون نار نیست

اعتدال انفاق

خرج را بیرون ز اندازہ مکن ــ خشک ریش خویش را تازہ مکن

صبر

در بلا وقتیکہ صابر نیستی ــ نزد اہل صدق شاکر نیستی

بے شکایت صبر تو باشد جمیل ــ با کسے کم کن شکایت از خلیل

ترغیب عیادت

بر سر بالین بیماران گذر ــ زانکہ ہست ایں سنت خیر البشر

اعتدال طعام

بر سر سیری مخور ہرگز طعام ــ تا نہ میرد در بدن قلب اے غلام

علت مردم زپر خواری بود ــ خوردن پر تخم بیماری بود

ہر کہ او ترک اقارب می کند ــ جسم خود قوت عقارب می کند

اعتراف عجز و رضا بالقضا

عاجزیم و جبر ما کردہ بسے — نیست ما را غیر تو دیگر کسے

گر بخوانی ور برانی بندہ ایم — ہر چہ حکم تست زاں خرسندایم

مذمت تعمیر بلاضرورت

ہر کہ دربند عمارت می شود — ہر چہ دارد جملہ غارت می شود

ورع

ہر کہ باطن از حرامش پاک نیست — روح او را رہ سوئے افلاک نیست

تواضع

دانہ پست افتد زبر دستش کنند — خوشہ چوں سر برکشد پستش کنند

گر تواضع پیش گیری اے جواں — دوست دارند تا ہمہ خلق جہاں

ترغیب مکافات ظلم

ہر کہ را رنجاندہ عذرش بخواہ — تا نباشد خصم تو در عرصہ گاہ

یاد حق موجب زہد ہے

یاد حق اگر مونس جانت بود — کے ہوائے کاخ و الوانت بود

طریق سلوک با دشمناں

دشمن خود را نباید زد تبر — گر توانی کشت او را با شکر

جنگ موجب ویرانی ہے

ہر کہ او استیزہ با سلطاں کند — کار خود را سر بسر ویراں کند

علامت بدبختی

نشنود از دوست بر پند را — از جہالت بگسلد پیوند را

حذر از حقد و کینہ

دل ز غل و غش ہمیشہ پاک دار — تا توانی کینہ در سینہ مدار

حذر از پردہ داری

اے برادر پردہ مردم مدر — تا ندرد پردہ ات شخصے دگر

حذر از طمع

تا زبانت باشد اے خواجہ دراز　　دست کوتہ دار و ہر مت ناز

ناکس سے حاجت چاہو

گر تو بینی ناکسے را دستگاہ　　حاجت خود را از وہرگز مخواہ

افراد

پسندیدگی خلوت

ہمیشہ رہتا ہوں اک بیخودی کے عالم میں　　جہاں میرے لئے ہو نہ میں جہاں کیلئے

بیان درد دل

درد دل نے اور سب دردوں کا درماں کردیا　　عشق کی مشکل نے ہر مشکل کو آساں کردیا

قدر دانی قیود شریعت

قیود شرع پہ واللہ سو آزادیاں صدقے　　کہاں وہ حظِ نفسانی کہاں یہ لطفِ روحانی

کامرانی آخرت بشکل حرمانی دنیا

وہاں اپنی حقیقت تجھکو دکھلاؤنگا اے مسطر　　یہاں رکھتی ہے مری کامرانی شکل حرمانی

جامعیت مرنی

محفل میں تیری سب کے ارمان نکل رہے ہیں　　سالک اُبل رہے ہیں مجذوب اچھل رہے ہیں

ترک تنعم

کیسے نصیب بھلا خاک کوئے دلبر کی　　یہاں بھی یاروں نے کیا سیج لگائی بستر کی

تعلیم فنا در عشق

عبث ہی جستجو بحر محبت کے کنارے کی　　بس اس میں ڈوب مرنا ہی ہے ایدل پار ہوجانا

تعلیم طالب

لئے جاؤں گا عمر بھر نام تیرا　　ہے سُننا نہ سننا شہا کام تیرا

صراط مستقیم کا ہر شخص نوالہ ہے

میں تو ہوں ہی رند مشرب پارسا تو بھی نہیں　　میں اگر ہوں جام در کف تو نظر بر جام ہے

اشعار اکبر حسین الہ آبادی

وقت طلوع دیکھا وقت غروب دیکھا
اب فکر آخرت ہے دنیا کو خوب دیکھا

اس نے خدا کو سمجھا اس نے بتوں کو دیکھا
یا اس نے خوب سمجھا یا اس نے خوب دیکھا

تو دل میں تو آتا ہے سمجھ میں نہیں آتا
بس جان گیا بس تری پہچان یہی ہے

نہیں پرسش ہے اسکی الفت اللہ کتنی ہے
یہی سب پوچھتے ہیں آپکی تنخواہ کتنی ہے

انہوں نے دیں کب سیکھا ہے رہ کر شیخ کے گھر میں
پلے کالج کے چکر میں مرے صاحب کے دفتر میں

نہ کتابوں سے نہ وعظوں سے نہ زر سے پیدا
دین ہوتا ہے بزرگوں کی نظر سے پیدا

علوم دنیوی کے بحر میں غوطہ لگانے سے
زباں گو صاف ہو جاتی ہے دل طاہر نہیں ہوتا

ترقی پاتے ہیں لڑکے ہمارے نور دیں کھو کر
یہ کیا اندھیر ہے سمجھ لیتے ہیں تب چمکتے ہیں

سے بے تمہارے دیکھے اب دم بھی چین آتا نہیں
سچ بتلاؤ جانِ جاں تم نے مجھے کیا کر دیا

ہو طلب کامل تو بس نعمت اسی کا نام ہے
بھوک نے نانِ جویں کو من و سلوی کر دیا

اشعار جگر

مری طلب بھی کسی کے کرم کا صدقہ ہے
قدم یہ خود نہیں اٹھتے اٹھائے جاتے ہیں

اغیار بدل خندہ زن و دل بتو مشغول
خلقے پسِ دیوانہ و دیوانہ بکارے

دیگر اشعار

توحید تو یہ ہی کہ خدا حشر میں کہدے — یہ بندہ دو عالم سے خفا میرے لئے ہی

مذہب عشق میں گنجائش تاویل کہاں — دین پر حیف ہے گر دین کا فتوی ہے یہی

لے چلو ہم کو جدھر جائینگے بے چون و چرا — مذہب اہل رضا جادۂ تقوی ہے یہی

تتمہ اشعار خواجہ عزیز الحسن صاحب مجذوب

انتخاب از فریاد مجذوب در یاد محبوب

اے خدا اے میرے ستار العیوب — میرے مولا میرے غفار الذنوب

تجھ پہ روشن ہے مرا حال زبوں — پارسا ہیں لاکھ ظاہر میں بنوں

سچ ہے مجھ سا کوئی ناکارہ نہیں — جز بہ اقرار خطا چارہ نہیں

سخت بد کردار و بداطوار ہوں — سخت نالائق ہوں نابنجار ہوں

ہیں بدی میں آپ ہوں اپنی مثال — بدعمل۔ بدنفس بدخو۔ بدخصال

سر بہ سر عصیاں سراپا عیب ہوں — مستحق نار میں لاریب ہوں

سینکڑوں کو تو کریگا جنتی — ایک یہ نا اہل بھی اُن میں سہی

ہیں گنہ بیحد نہ مجھسے لے حساب — داخل جنت مجھے کر بیحساب

ہوں ترا بندہ مگر بس نام کا — بندہ ہوں میں نفس نافرجام کا

سخت طغیانی پہ ہے بحر ذنوب — لے خبر کشتی مری جائے نہ ڈوب

بے ترے دل کیا ہی بس اک خول ہو — جلد آ یہ ناؤ ڈانواڈول ہے

غلبہ وہ دے نفس اور شیطان پر | آ بنی ہے اب تو بس ایمان پر
اب تو ہو جائے کرم مجھ پر شتاب | اس سے بھی اب حال کیا ہوگا خراب
تھک چکا اصلاح سے میں ناتواں | کاہ سے کیا ہٹ سکے کوہ گراں
از چو ما بیچارگان ایں بند سخت | کہ کشاید جز تو اے سلطان بخت
ایں چنیں قفل گراں را اے ودود | کہ تواند جز کہ فضل تو کشود
میری ہر کوشش ہوئی ناکامیاب | دے چکی ہے اب مری ہمت جواب
خویش را دیدیم و رسوائی خویش | امتحان ما مکن اے شاہ بیش
حال ابتر ہے دل برباد کا | ہاں مدد کر وقت ہے امداد کا
یاس نے بس اب تو ہمت توڑ دی | اب تو لے کشتی تجھی پر چھوڑ دی
لاکھ ٹوٹی ناؤ ہے منجدھار ہے | ناخدا تو ہے تو بیڑا پار ہے
دستگیرم در چنیں بیچارگی | شاد گردانم دریں غمخوارگی
زیر ہوتا ہی نہیں نفس شریر | دستگیری کر مری اے دستگیر
تو جو چاہے پاک ہو مجھ سا پلید | فضل سے تیرے نہیں کچھ بھی بعید
پاک ہے تو پاک کر دے دل مرا | نور سے عرفان کے بھر دے دل مرا
قلب سے دھو دے مرے ہر گندگی | ہو عطا پاکیزہ اب تو زندگی
نفس کا یارب مرے کر تزکیہ | کر عطا مجھ کو حیوۃ طیبہ
روک لایعنی سے اب میری زباں | ذکر میں تیرے رہوں رطب اللساں
چھوڑ دوں میں اب سخن آرائیاں | اب کروں دل کی چمن آرائیاں
اے خدا بنما تو جاں را آں مقام | کاندرو بے حرف می روید کلام

قطرۂ دانش کہ بخشیدی ز پیش — متصل گرداں بہ دریاہائے خویش

اب تو یارب آخرت کی فکر ہو — دل میں تیری یاد لب پر ذکر ہو

اب نہ ناجنسوں سے میں یاری کروں — تیرے پاس آنیکی تیاری کروں

تجھ سے ہو وہ انس وہ رغبت مجھے — خلق سے ہونے لگے وحشت مجھے

ملنا جلنا خلق سے ہو کم مرا — تو ہی مونس تو ہی ہو ہمدم میرا

مطمئن ہو قلب تیرے ذکر سے — دور ہوں سب فکر تیرے فکر سے

تجھ سے ہو ایسی قوی نسبت مجھے — مانع خلوت نہ ہو جلوت مجھے

رہ گئے ہیں زندگی کے دن بھی کم — اب تو ہو جائے مرے اوپر کرم

عمر کا اکثر ہوا حصہ تو طے — ہائے غفلت میں رہوں گا تا بکے

روز و شب اندر معاصی بودہ ایم — غافل از امر و نواہی بودہ ایم

بیگنہ نگذشت بر ما ساعتے — با حضور دل نہ کردم طاعتے

کردگارا منگر اندر فعل ما — دست ما گیر اے شہ ہر دو سرا

عمر جتنی رہ گئی ہے میری اب — ذکر و طاعت میں بسر ہو روز و شب

اب جیوں میں زندگی طاعات کی — ہو تلافی ما بقی ما فات کی

اب تو یارب آخرت کی فکر ہو — دل میں تیری یاد لب پر ذکر ہو

دل میں تیری یاد لب پر نام ہو — عمر بھر اب تو یہی بس کام ہو

کردئے تو نے ولی بندے ہزار — مجھکو بھی اپنا بنالے کردگار

مجھ گدا کو بھی بحق شاہ دیں — بخش یارب دولت صدق و یقیں

بہر فیض شیر مرد تھانوی — کر مرے ایماں کو یارب قوی

رات دن ہوں نشۂ غفلت میں چور | شغل ہے لہو لعب فسق و فجور

با چنیں نزدیکیٔ دوریم دور | در چنیں تاریکیٔ بفرست نور

نو بہار احسن گل دہ خار را | زینت طاؤس دہ ایں مار را

غرق بحر معصیت ہوں سر بسر | رحم کر مجھ پر الٰہی رحم کر

سن مرے مولا مری فریاد کو | آ مرے مالک مری امداد کو

تجھ پہ روشن ہیں مرے سارے عیوب | جانتا ہے تو مری حالت کو خوب

گو ترے آگے ذلیل و خوار ہوں | حشر میں رسوا نہ اے ستار ہوں

اے خدا ایں بندہ را رسوا مکن | گر بدم من سر من پیدا مکن

ہوں تو میں مجذوب لیکن نام کا | کر مجھے مجذوب یا رب کام کا

یاد میں رکھ اپنی مستغرق مجھے | ہو نہ ہوش ماسوا مطلق مجھے

دل مرا ہو جائے اک میدان ہو | تو ہی تو ہو۔ تو ہی تو ہو۔ تو ہی تو

اور مرے تن میں بجائے آب و گل | دردِ دل ہو۔ دردِ دل ہو۔ دردِ دل

غیر سے بالکل ہی اُٹھ جائے نظر | تو ہی تو آئے نظر دیکھوں جدھر

کچھ نہ سوجھے تیری ہستی کے سوا | تیرے اوج اور اپنی پستی کے سوا

تجھ سے دم بھر بھی مجھے غفلت نہ ہو | تیرے ذکر و فکر سے فرصت نہ ہو

آخری عرض گدا ہے شاہ سے | تا دم آخر نہ بھٹکوں راہ سے

سب سے بڑھ کر ہے یہ عرض مختصر | خاتمہ کر دے مرا ایمان پر

اندراں دم کز بدن جانم بری | از جہاں با نور ایمانم بری

چشم دارم از گنہ پاکم کنی۔ | پیش ازاں کاندر لحد خاکم کنی

غزل

نہ لو نامِ الفت جو خود داریاں ہیں
بہت ذلتیں ہیں بڑی خواریاں ہیں

کرم کے بھروسے جو میخواریاں ہیں
وہ میخواریاں کیا نکوکاریاں ہیں

نکوکاریوں پر نظر ہو تو پھر وہ
نکوکاریاں کیا سیہ کاریاں ہیں

مرا دل ہے ہر وقت محوِ تماشہ
فدا میری غفلت پہ بیداریاں ہیں

میں رہتا ہوں دن رات جنت میں گویا
مرے باغِ دل میں وہ گلکاریاں ہیں

کیا گھر تصور میں کس مہ لقا نے
جو دل پر مسلسل یہ ضو باریاں ہیں

جو آسان سمجھو تو ہے عشق آساں
جو دشوار کر لو تو دشواریاں ہیں

کسیکو کسی سے کسیکو کسی سے
ہمیں اپنی ہستی سے بیزاریاں ہیں

لگی رہتی ہے آگ سی تن بدن میں
رگوں میں لہو ہے کہ چنگاریاں ہیں

دکھا مجھ کو جلوہ بقدرِ تحمل
بس اب پردہ در پردہ برداریاں ہیں

نہ گھبرا کوئی دل میں گھر کر رہا ہے
مبارک کسی کی دل آزاریاں ہیں

بیاباں میں مشغول رقصِ جنوں ہوں
بگولوں سے اب تو مری یاریاں ہیں

امیری فقیری میں یکساں رہے ہم
نہ جب عزتیں تھیں نہ اب خواریاں ہیں

کھلی جب سے دنیا کی ہم پر حقیقت
نہ خوشیاں رہی ہیں نہ بیزاریاں ہیں

ہمیں ذلتوں کا نہیں کوئی کھٹکا
جہاں عزتیں ہیں وہیں خواریاں ہیں

بظاہر مری چھوٹی چھوٹی ہیں باتیں
جہاں سوز لیکن یہ چنگاریاں ہیں

بڑی عشق میں ہیں بہاریں مگر ہاں
گھرے خار زاروں سے پھلواریاں ہیں

پتے کی سناتا ہے مجذوب باتیں
بھلے خبطیوں میں خبرداریاں ہیں

لگی آنکھ مجذوب کس مہ لقا سے
بتا کیوں یہ راتوں کی بیداریاں ہیں

مواعظ طبع شدہ کی مختصر فہرست

نام مواعظ	قیمت	نام مواعظ	قیمت
دعوت عبدیت ۔ جلد ہشتم	عہ ر	آداب التبلیغ	۳ ر
حقوق القرآن	۲ ر	ذکر الرسول	۳ ر
تسہیل الاصلاح	۲ ر	الصلوٰۃ	۳ ر
فضل العلم	۲ ر	الحیٰوۃ	۳ ر
تطہیر الاعضاء	۳ ر	التبشیر	۳ ر
اصلاح الیتامیٰ	۴ ر	تجارت آخرت	۲ ر
نفی الحرج	۲ ر	علاج الکبر	۱ ر
النور	۳ ر	حیوۃ الطیبہ	۲ ر
فوائد الصحبۃ	۳ ر	ترک المعاصی	۱ ر
ضرورۃ العلم بالدین	۳ ر	الاتعاظ بالغیر	۱ ر
تفصیل التوبہ	۳ ر	تادیب المصیبۃ	۱ ر
تیسیر الاصلاح	۳ ر	قطع التمنی	۲ ر
غوائل الغضب	۳ ر	المراد	۲ ر
التنبیہ	۱ ر	الباب لاولی الالباب	۳ ر
ترک مالا یعنی	۴ ر	درجات الاسلام	۳ ر
نقد اللبیب فی عقد الحبیب	۲ ر	الاعتصام بحبل اللہ	۳ ر
تعلیم التعلیم	۲ ر	دواء الضیق	۳ ر
الکمال فی الدین للرجال	۲ ر	شکر المثنوی	۳ ر
الکمال فی الدین للنساء	۴ ر	الغضب	۲ ر
الاتفاق	۳ ر	حقوق البیت	۳ ر

ملنے کا پتہ :- کتب خانہ امدادیہ کتابیں منگائیے :- مولوی محمد عثمان علی صاحب ۔ مسجد رمضان شاہ ۔ پھاٹک حبش خان دہلی

بسم اللہ پانچ وعظوں کا مجموعہ یعنی شرح الصدور فی حقوق الظہور النور مع ضروری اضافوں کے

عطر تصوف یعنی

اکمال الشیم کا طبع ثانی

بعد حمد و صلوٰۃ کے احقر عبد المجید بچھرایونی یکے از خدام بارگاہ تھانوی عرض کرتا ہے کہ اس لاجواب [illegible]
میں اس سے زیادہ کچھ کہنے کی حاجت نہیں کہ یہ کتاب الحکم کی بے نظیر شرح ہے جس کے مصنف شیخ ابن عطاء اللہ
اسکندری ہیں جن کی جلالت و عظمت پر حضرات صوفیہ کرام کا اتفاق ہے۔ اصل کتاب عربی [illegible]
تبویب شیخ علی متقی مصنف کنز العمال رحمۃ اللہ علیہ نے فرمائی اور حضرت اقدس قطب العالم
السالکین مقدام العلماء الراسخین مولٰنا الحافظ الحاج مولٰنا خلیل احمد صاحب سہارنپوری مہاجر [illegible]
سرہٗ نے اعلیٰحضرت شیخ العرب والعجم حضرت حاجی شاہ امداد اللہ صاحب مہاجر مکی قدس سرہٗ کے ارشاد
میں ترجمہ فرمایا۔ پھر مولٰنا الحافظ الحاج مولوی محمد عبد اللہ صاحب گنگوہی نے اس کی
شرح فرمائی اور حضرت اقدس حکیم الامۃ المحمدیہ مجدد الملۃ الاسلامیہ مولٰنا الشیخ محمد اشرف علی صاحب
دامت برکاتہم نے اس کو پسند فرما کر خانقاہ امدادیہ کے درس سلوک میں داخل فرمایا اور سالکین کو
اس کے مطالعہ کا حکم فرماتے ہیں علاوہ کتاب کے فی نفسہٖ مفید ہونے کے ایک خصوصیت اس میں یہ بھی ہے کہ
شرح میں عربی شرح سے مدد لی گئی ہے جس کو شارح نے دیباچہ میں ظاہر کیا ہے۔ لیکن زیادہ تر امداد
حکیم الامۃ مولٰنا تھانوی مدفیوضہم العالی کی تحقیقات تقریر و تحریریہ سے ہی لی گئی ہے جیسا کہ
ماخذ سے معلوم ہو سکتا ہے متوسلین حضرت حکیم الامۃ کے لئے اس کو داخل درس کرائے جانے کی بڑی وجہ
ہے۔ اس بناء پر حضرت حکیم الامۃ مجدد الملۃ کے افادات کے شائقین کو خصوصیت کے ساتھ ادھر
متوجہ ہونا چاہئیے۔ اور طبع ثانی میں تتمیم فائدہ کے لئے آخر میں حضرت حکیم الامت کے چند خاص ملفوظات
کا مجموعہ ملقب بہ سلسبیل لعابری السبیل بھی اضافہ کر دیا گیا ہے۔ جن میں تصوف کا نہایت جامع
خلاصہ اور نہایت ہی سہل طریق عمل ارشاد فرمایا گیا ہے۔ جو قریب قریب تمام مطولات سے مستغنی
ہو گیا ہے۔ چونکہ یہ کتاب اس وقت نایاب ہو گئی تھی اسلئے احقر نے اس کو دوبارہ طبع کرایا ہے
رسالہ السلسبیل علیحدہ بھی مل سکتا ہے جس کی قیمت ایک آنہ ہے۔ اور حضرت والا کے دیگر رسائل
بھی ہمارے یہاں ملتے ہیں۔

ملنے کا پتہ:- مولوی عثمان علی صاحب مسجد رمضان شاہ پھاٹک حبش خان دہلی